## سوال

قبر پر سورہ بقرہ پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قبر پر سورہ بقرہ پڑھنے والی حدیث کی استنادی حیثیت بتادیں؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی قبر پر آنے والوں کو سورہ بقرہ پڑھنے کی تلقین کی ہے۔ (بیہقی: 4 93) اس کی سند میں عبدالرحمن بن العلاء اللجلاج نامی راوی مجہول ہے۔ اگرچہ اس روایت کو ہیثمی اور ابن حجر وغیرہ نے حسن اور اس کے رواۃ کو ثقہ کہا ہے لیکن انہوں نے اس راوی کی جہالت بارے کچھ ایسا ذکر نہیں کیا جس سے اس کی جہالت دور ہوتی۔ لہٰذا راجح بات یہی ہے کہ یہ روایت مذکورہ راوی کی جہالت کی وجہ سے ضعیف ہے۔

وباللہ التوفیق

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث